BRAMPTON Flower City brampton.ca

media release

25 اپریل 2018

# ایلیمنٹری اسکول کے طلباء نے فرضی میونسپل الیکشن میں حصہ لیا

برامپٹن، آن - ہو سکتا ہے کہ ان طلباء کو ووٹ ڈالنے میں جھجھک محسوس ہوئی ہو، مگر پھر بھی ان کو میونسپل الیکشن میں ووٹ کی اہمیت جاننے کا ایک موقع میسر آیا ہے۔ اس مہینے کے دوران سینٹ جوچیم ایلیمنٹری اسکول اور اَوَّر لیڈی آف پراویڈینس ایلیمنٹری اسکول کے 150 سے زیادہ طلباء نے اسکول میں منعقد ہونے والے ایک فرضی میونسپل الیکشن میں حصہ لیا۔ الیکشن کے عمل اور ووٹ کی اہمیت کو گہرائی سے جاننے کے حوالے سے طلباء کے لیے یہ ایک نادر موقع تھا جبکہ اس دوران سٹی نے الیکشن میں استعمال ہونے والے اپنے جدید ترین آلات کو بھی ٹیسٹ کر لیا ہے۔

شہری اپنی روزمرہ کی استعمال کی کئی سروسز مثلاً پارکس، ٹرانزٹ، تفریح، سڑکوں اور فائر سروسز کے انتظام و انصرام کے حوالے سے میونسپل حکومتوں کے ساتھ انتہائی قربت میں مربوط ہوتے ہیں۔ کمیونٹی میں اپنا مثبت کردار ادا کرنے کے حوالے سے ووٹنگ کا عمل اہم حیثیت کا حامل ہوتا ہے۔

پیٹر فے، سٹی کلرک اور ریٹرننگ آفیسر نے کہا کہ "آج کے طلباء کل کے ووٹر ہیں۔ ووٹنگ ایک استحاق ہے اور ایک ذمہ داری بھی ہے اور اپنے شہر کی بہتری میں کردار ادا کرنے کا یہ ایک اہم طریقہ ہے۔ بیشک آپ ایک طالبعلم ہوں، پہلی مرتبہ ووٹ دے رہے ہوں یا آپ ایک نئے شہری ہوں یا آپ ہر الیکشن میں ووٹ دینے والے شخص ہوں؛ آپ کو یہی بات اپنے ذہن میں رکھنی چاہیے"۔

**فرضی الیکشن کی شہ سرخیاں**

- حصے لینے والے پرجوش طلباء، جن کی عمریں 9 تا 11 سال کے درمیان تھیں، نے الیکشن کے عمل، بیلٹ پیپر کی ساخت اور نشان لگانے کے طریقے کے بارے میں سیکھا۔
- فرضی انتخابات کے لیے بیلٹ پیپر میں برامپٹن کے بارے میں چند بنیادی سوالات بھی موجود تھے، مثلًا سٹی میں کتنے وارڈ ہیں؛ ووٹنگ کب منعقد کی جاتی ہے؛ اور یہ کہ برامپٹن میں کتنی زبانیں بولی جاتی ہیں۔
- دونوں اسکولوں نے مقامی حکومتوں کے بارے میں گریڈ 5 کے نصاب کے طور پر حال ہی میں برامپٹن سٹی حال کے ٹؤر میں بھی شرکت کی تھی۔ چونکہ اب مزید فرضی الیکشن منعقد نہیں کیے جائیں گے، سٹی کے طلباء کے لیے سٹی ہال کے ٹؤر کی سہولت اب بھی موجود رہے گی اور اساتذہ کرام سٹی کی ویب سائیٹ پر موجود آن لائن فارم کے ذریعے اپنی بکنگ کروا سکتے ہیں۔
- 22 اکتوبر کو منعقد ہونے والے سٹی کے میونسپل الیکشن کے منصوبہ بند مقامات میں تقریبًا 75 فیصد اسکول شامل ہیں، لہٰذا وہ سٹی کے لیے ایک اہم شراکت دار ہیں۔

5 چیزیں جو ووٹر کو لازمی جاننی چاہیں سٹی کی ویب سائیٹ پر موجود ہیں اور اس کے علاوہ اضافی معلومات بھی دستیاب ہے۔ ملاحظہ کریں www.brampton.ca/bramptonvotes

-30-

**برامپٹن بڑا سوچ رہا ہے۔** ہم تیز توجہ کے ساتھ مستقبل کے لیے تیار ایک تنظیم ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ ہماری کمیونٹی کی بڑھوتری، نوجوانی اور تنوع ہمیں سب سے علیحدہ کرتی ہیں۔ ہم کینیڈا کے انوویشن سپر کوریڈور کے مرکز میں موجود ہیں، جو سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کرتا ہے اور ہماری عالمی کامیابی کو بڑھاتا ہے۔ ہم متنوع اربن سینٹرز تعمیر کر رہے ہیں، جو یہاں رہنے اور کام کرنے والے لوگوں کے لیے مواقع اور ان میں فخر کا جذبہ پیدا کرتے ہیں۔ ہم برامپٹن کو ایک ایسے مربوط شہر بنانے کی جانب آگے بڑھا رہے ہیں، جو جدت پسند، جڑا ہوا اور نڈر ہو۔ ہمیں فالو کریں ٹویٹر اور فیس بُک۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ فرمائیں۔

BRAMPTON Flower City
brampton.ca

media release

**میڈیا کنٹیکٹ**
نتالی سٹوگڈل
میڈیا کوآرڈینیٹر
سٹی آف برامپٹن
| 905.874.3654
[mailto:natalie.stogdill@brampton.ca](mailto:natalie.stogdill@brampton.ca)